UNIVERSAL LIBRARY
OU-234192
UNIVERSAL LIBRARY

234/92

34

۲/

# حساب کا پہلا حصّہ

# عملی و ذہنی

۳۶۹

(با تصویر)

لوئر پرائمری کی پہلی جماعت کے لئے


مصنّفہ

جی - ایس - چاولہ ایم - اے (پنجاب و کلکتہ)

بی - اے (کیمبرج) پروفیسر ریاضی گورنمنٹ کالج لاہور


جسے

ٹیکسٹ بک کمیٹی پنجاب نے منظور فرمایا ہے


لاہور

رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز

ایجوکیشنل پبلشرز

سنہ ۱۹۱۲ع



جملہ حقوق محفوظ ہیں



تعداد جلد ۱۰۰۰ دفعہ ۱ قیمت فی جلد ۲/۱ پائی

# اِعرابوں کے قاعدے

| مثالیں | قاعدے | نمبر شمار |
|---|---|---|
| گھر | مخلوط ہے دوچشمی لکھی گئی + | ۱ |
| ہنسا۔ ہیں + | نونِ غنّہ جو لفظ کے درمیان ہے۔ اُس پر اُلٹا جزم دیا ہے۔ اور جو آخر میں ہے۔ اُس میں نقطہ نہیں دیا + | ۲ |
| بھلی | یائے معروف جو لفظ کے آخر ہے۔ وُہ دائرے کی لکھی گئی ہے + | ۳ |
| کے۔ ہے۔ گاے۔ اوڑنے + | یائے معروف کے سوا باقی سب یے لمبی لکھی گئیں + | ۴ |
| خود۔ خویش + | جو واؤ بولی نہیں جاتی۔ اُس کے نیچے آڑی لکیر ہے + | ۵ |
| ہمالیہ۔ روپیہ زیور۔ غور۔ سیر + | حرفِ مفتوح پر وہیں زبر لکھا ہے۔ جہاں واؤ یا یے کے معروف اور مجہول ہونے کا شبہ پڑتا ہے[1] + | ۶ |

[1] باقی قاعدے اخیر کے صفحے پر دیکھو +

# دِیباچہ

اِن حساب کی کِتابوں کے لکھنے کا مقصد یہ ہے۔
کہ رِیاضی کی اِبتدائی تعلیم میں زمانۂ حال کے طریقۂ تعلیم کو مُروّج کیا جائے +

اِن کُتُب میں ذیل کے مُدّعا پیشِ نظر رکھّے گئے ہیں:۔

(۱) طلبہ کی قُوائے عقلیّہ کی تربیت پر زیادہ زور دینا۔ اور محض حفظ یاد کرنے کی رسم کو حتّٰی الوسع کم کرنا +

(۲) سیدھے سادے اور کم خرچ تجربی طریقوں کو جاری کرنا +

(۳) حساب اور جیومیٹری کی تعلیم کے درمیان تعلّق پیدا کرنا۔ اور بڑی جماعتوں میں حساب اور جبر و مُقابلے کی تعلیم کو باہم مربُوط کرنا +

اِس کِتاب میں تین قِسم کی مشقی مِثالیں دی گئی ہیں +

(۱) عملی +

(۲) زبانی ✣

(۳) تحریری ✣

عملی مشقوں سے یہ غرض ہے۔ کہ حساب کے قاعدوں کی تشریح سے پہلے طلبہ کو اُن بنیادی اُصولوں سے آگاہ کیا جائے۔ جن پر حساب کے قاعدے مبنی ہیں۔ پیمانے سے کمرے و دیگر اشیاء کی پیمائش کاغذ کے موڑنے۔ اور مربع خانوں والے کاغذ کے استعمال سے طلبہ کو حساب اور جیومیٹری کے بنیادی اُصولوں کا ٹھیک ٹھیک تصوّر ہو جاتا ہے۔ اور اس طرح سے ان کے ہاتھ اور آنکھ کی تربیت ہوتی ہے۔ جو کہ زندگی کے ہر ایک پیشے میں مفید ہے ✣

عملی مشقوں کے بعد آسان آسان زبانی مثالیں دی گئی ہیں۔ اس غرض کے لئے کہ طلبا پھرتی سے درشت سوال حل کریں۔ بہت سی زبانی مشقوں کا ہونا ضروری ہے۔ تحریری مشقوں میں کوشش کی گئی ہے۔ کہ لمبے لمبے مشکل سوالات سے پرہیز کیا جائے ✣

مضمون کے پیش کرنے میں گونا گونی کا خیال رکھا گیا ہے۔ اس سے اُمید کی جاتی ہے۔ کہ یہ طریقہ صوبے میں ریاضی کی تعلیم کی اصلاح کریگا۔ اور طلبا میں علمِ ریاضی کے شوق کو زیادہ کریگا۔ اگر کوئی صاحب کسی قسم کی اصلاح یا ترمیم پیش کریں۔ تو مصنّف نہایت شکریے سے قبول کریگا ✣

# فہرستِ مضامین



| باب | مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| پہلا | ایک سے دس تک اعداد | ۱ سے ۱۶ تک |
| دوسرا | دس سے بیس تک اعداد | ۱۷ سے ۲۴ ؍ |
| تیسرا | بیس سے سو تک اعداد .. | ۲۵ سے ۳۳ ؍ |
| | متفرق سوال .. .. .. .. | ۳۴ سے ۳۵ ؍ |

# حساب
کا
# پہلا حصّہ
(با تصویر)

# پہلا باب
## ایک سے دس تک اعداد

## سامان


رنگ دار گولیاں۔ نمونے کے پیسے۔ مُہرے۔ کنڈر گارٹن کی اینٹیں۔ فُٹ رُول۔ تاش کے پتّے ؛

# اعداد اور اُن کی شکلیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ایک ١ | تین ٣ | پانچ ٥ | سات ٧ | نو ٩ |
| دو ٢ | چار ٤ | چھے ٦ | آٹھ ٨ | دس ١٠ |

# مشقیں

مُندرجۂ ذیل مشقوں میں سے ہر ایک کے ساتھ عدد کی شکل بھی بورڈ پر بنا دینی چاہیئے ۔

**دو**  **٢**

١ تمہارے کتنے ہاتھ ہیں ؟

٢ تمہاری کتنی آنکھیں ہیں ؟

٣ میرے پاس ایک آم ہے ۔ اور ایک

آم تُم مُجھے دیتے ہو۔ میرے پاس کِتنے آم ہُوئے ؟


۴ ایک پرِندے کے کِتنے پاؤں ہوتے ہَیں ؟

۵ ایک رِکابی میں دو لڈّو ہَیں۔ جِن میں سے مَیں نے ایک لے لِیا۔ باقی کِتنے رہے ؟

۶ رام کے پاس ایک پَیسہ اَور گوپال کے پاس ایک پَیسہ ہے۔ دونو کے پاس کِتنے پَیسے ہَیں ؟


۷ یکّے کے کِتنے پہیّے ہوتے ہَیں ؟

---


## تِین -  - ۳

۱ یہ کِتنی اُنگلیاں ہَیں ؟


۲ تپائی کی کتنی
ٹانگیں ہیں ؟



۳ دو اور ایک
مل کر کتنے ہوتے
ہیں ؟



۴ یہ کتنی گیندیں
ہیں ؟
۵ اِس گھڑی میں
کیا وقت ہے ؟
۶ زید کو آج ایک
پیسہ ملا - اور ایک کل - اور ایک
پرسوں - اُس کے پاس کتنے پیسے
ہُوئے ؟
۷ فُٹ رُول لے کر ۳ فُٹ ناپو ۔



# چار ۴


۱ تین اَور ایک مِل کر کِتنے ہوتے ہَیں؟

تین ایک



۲ گائے کے کِتنے پاؤں ہوتے ہَیں؟

۳ اِس کُرسی کی کِتنی ٹانگیں ہَیں؟




۴ اِس کمرے کی کِتنی دِیواریں ہَیں؟

۵ اگر تُمھارے ایک ہاتھ میں دو گولیاں اَور دُوسرے ہاتھ میں ۲ گولیاں ہوں۔ تو ساری گولیاں کِتنی ہُوئیں؟

۶ فُٹ رُول لے کر ۴ فُٹ ناپو ÷


۷ اگر ایک آنے میں سے ۳ پیسے خرچ کر لو۔ تو تمھارے پاس کیا رہ جائیگا؟

## پانچ -



## - ۵

۱ چار گولیاں اور ایک گولی مل کر کتنی ہوئیں؟




۲ یہ کتنی انگلیاں ہیں؟

۳ تمھاری ایک جیب میں ۳ پیسے۔ اور دوسری میں ۲ پیسے ہوں۔ تو سب کتنے پیسے ہوئے؟

۴ ایک گھر میں تین لڑکے ہیں۔ بتاؤ۔ ماں باپ ملا کر گھر میں کتنے آدمی

ہوئے ؟




۵ اِس ڈھیری میں سے پانچ گولیاں اُٹھا لو ۔

۶ اِس تاش کے پتّے پر کتنے نشان ہیں ؟

۷ فُٹ رُول لے کر ۵ فُٹ ناپو ۔

## چھ ۶




۱ ۵ گولیاں اور ایک گولی مِل کر کتنی گولیاں ہوئیں ؟

۲ ۴ مُہرے اور ۲ مُہرے مِل کر کتنے

مُہرے ہُوئے ؟


۳ یہ کتنی اُنگلیاں ہیں ؟

۴ اگر تمُہیں آج تین پیسے اور کل بھی
۳ پیسے ملیں۔ تو تمُہارے پاس کتنے
پیسے ہونگے ؟





۵ اِس تاش کے
پتّے پر کتنے نِشان
ہیں ؟

۶ فُٹ رُول لے کر
اِس کمرے کے
فرش کو ۶ فُٹ ناپو +



۷ دو دو گولیاں لے کر
تین قطاریں بناؤ۔ سب
کتنی ہُوئیں ؟

# سات  ۷



۱- ۶ گولیاں اور ایک گولی مل کر کتنی گولیاں ہوئیں ؟

۲ اس تاش کے پتّے پر کتنے نشان ہیں؟

۳ اگر تمھیں آج چار پیسے اور کل ۳ پیسے ملیں - تو تمھارے پاس کتنے پیسے ہو جائینگے ؟


۴ اس تصویر میں کتنے ستارے ہیں ؟



۵ ایک فُٹ رُول لے کر اِس کمرے کے فرش کو ۷ فُٹ ناپو +

۶ اِتوار۔ سوم وار۔ منگل وار۔ بُدھ وار۔ وِیر وار۔ شُکّر وار۔ سنیچر مِل کر ہفتہ ہوتا ہے۔ بتاؤ۔ ہفتے کے کِتنے دِن ہُوئے ؟

---

## آٹھ  ۸

۱ سات گولیاں اور ایک گولی مِل کر کِتنی ہُوئیں ؟

۲ ایک آنے کے ۴ پیسے ہوتے ہیں۔ تو دو آنے کے کِتنے پیسے ہونگے ؟

۳ اگر دوانّی میں سے ۳ پیسے خرچ لو۔

تو تمہارے پاس کیا رہ جائیگا ؟


۴ اِس تاش کے
پتّے پر کِتنے نِشان
ہیں ؟

۵ ایک گھر میں ۳
لڑکے ۳ لڑکیاں
ہیں۔ بتاؤ ماں باپ
کو مِلا کر گھر میں کِتنے شخص ہوئے ؟

۶ ۴ لڑکوں کے کِتنے ہاتھ ہوتے ہیں ؟

۷ فُٹ رُول لے کر اِس کمرے کے فرش
کو ۸ فُٹ ناپو ۔

نَو



۹


۱ ۸ گولیاں اور ایک گولی مِل کر کِتنی

ہُوئیں ؟


۲ ایک دوانی اور ایک پیسہ مِل کر کِتنے
پیسے ہُوئے ؟

۳ ایک انگوٹھا چھوڑ کر میرے دونو ہاتھوں
میں کِتنی اُنگلیاں ہیں ؟

۴ ایک لڑکے کے پاس پانچ پیسے تھے ۔
۴ پیسے اُس کو اِنعام میں مِلے ۔ بتاؤ ۔
اُس کے پاس
کِتنے پیسے ہوگئے ؟




۵ اِس تاش کے
پتّے پر کِتنے
نِشان ہیں ؟



۶ تین تین گولیوں کی
۳ قطاریں بناؤ ۔ ساری
گولیاں کِتنی ہُوئیں ؟


۷ اِس کمرے کی ۹ فُٹ لمبائی ناپو +

# دس  ۱۰

۱ ۹ گولیاں اور ایک گولی مِل کر کِتنی ہُوئیں ؟

۲ میرے دونو ہاتھوں میں کِتنی اُنگلیاں ہیں ؟

۳ تُمھارے دونو پاؤں میں کِتنی اُنگلیاں ہیں ؟



۴ اِس تاش کے پتّے پر کِتنے نِشان ہیں ؟

۵ ایک آدمی کے پانچ بیٹے اور پانچ

بیٹیاں ہیں ۔ بتاؤ۔ اُس کے کتنے بچّے ہیں ؟

۶ ایک سے دس تک گنو +

۷ دس سے ایک تک پیچھے کی طرف گنو +

۸ ایک دوانّی اور دو پیسے مل کر کتنے پیسے ہوئے ؟

## عددِ ۱۰ کے حصّے عملی مشق

۱ پانچ پانچ گولیوں کی دو قطاریں بناؤ +

● ● ● ● ●

● ● ● ● ●

دونو قطاروں میں کتنی گولیاں ہوئیں؟

۵ کا دُگنا کیا ہے ؟

۲ دو گولیوں کی پانچ قطاریں بناؤ ۔

پانچوں قطاروں میں کتنی گولیاں ہوئیں؟

● ●
● ●
● ●
● ●
● ●

۲ کا پانچ گنا کیا ہے؟

۳ دس گولیوں کو ایک قطار میں رکھّو۔

● ● ● ● ● ● ● ● ● ●

اَور ایک کاغذ یا گتّے کو لے کر اِس کو مختلف جگھوں میں گولیوں کے درمیان رکھّو۔ اِس طرح دس کے کَون کَون سے حصّے ہوئے؟

۱ اَور ۹ کتنے ہوئے؟
۲ اَور ۸ کتنے ہوئے؟
۳ اَور ۷ کتنے ہوئے؟
۴ اَور ۶ کتنے ہوئے؟
۵ اَور ۵ کتنے ہوئے؟

۶ اور ۴ کتنے ہوئے ؟

۷ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۸ اور ۲ کتنے ہوئے ؟

۹ اور ۱ کتنے ہوئے ؟

۴ اسی طرح دس کے تین حصّے کرو -

۳ و ۳ اور ۴ کتنے ہوئے ؟

۴ و ۴ اور ۲ کتنے ہوئے ؟

۵ و ۳ اور ۲ کتنے ہوئے ؟

# دُوسرا باب

## دس سے بیس تک اعداد

۱ اِس نِشان (۰) کو صِفر کہتے ہیں ۔

۲ اب ۱۱ سے ۲۰ تک اعداد یاد کرنے ضروری ہیں :-

| | | | |
|---|---|---|---|
| گیارہ | ۱۱ | بارہ | ۱۲ |
| تیرہ | ۱۳ | چَودہ | ۱۴ |
| پندرہ | ۱۵ | سولہ | ۱۶ |
| سترّہ | ۱۷ | اٹھّارہ | ۱۸ |
| اُنّیس | ۱۹ | بیس | ۲۰ |

| | |
|---|---|
| دس اَور ۱ گیارہ ٭ | دس اَور ۶ سولہ ٭ |
| دس اَور ۲ بارہ ٭ | دس اَور ۷ سترّہ ٭ |
| دس اَور ۳ تیرہ ٭ | دس اَور ۸ اٹھّارہ ٭ |
| دس اَور ۴ چَودہ ٭ | دس اَور ۹ اُنّیس ٭ |
| دس اَور ۵ پندرہ ٭ | دس اَور ۱۰ بیس ٭ |

اِسی طرح ۲۰ تک عددوں کی مشق کرو ٭

## مشق

۱ ۱۴ لڑکے۔ اِس میں ۴ اَور ۱ سے کیا مطلب ہَے؟

۲ ۱۰ سے ۲۰ تک گنو ٭

۳ ۲۰ سے ۱۰ تک پیچھے کی طرف گنو ٭


۴ سترّہ اور اٹھّارہ کو ہندسوں میں لکھّو ٭

۵ کرشنا کے پاس ۱۰ آم اَور اُس کے بھائی کے پاس ۶۰ آم ہَیں۔ دونو کے

پاس کتنے ہوئے ؟

۶ عمر کے پاس ۲۰ سیب تھے۔جس میں
سے اُس نے ۵ اپنی بہن کو دے دیئے۔
بتاؤ۔اُس کے پاس کتنے رہے ؟

۷ ۹ گولیاں ایک قطار میں۔اور آٹھ
گولیاں دُوسری قطار میں رکھّی گئیں۔
ساری کتنی ہُوئیں ؟



---

## ۳ دو سے گِننا۔

## زبانی مشق

۱ اور ۲ کتنے ہوتے ہیں ؟

۳ اور ۲ کتنے ہوتے ہیں ؟

۵ اَور ۲ کِتنے ہوتے ہَیں ؟
۷ اَور ۲ کِتنے ہوتے ہَیں ؟
۹ اَور ۲ کِتنے ہوتے ہَیں ؟
۱۱ اَور ۲ کِتنے ہوتے ہَیں ؟
۱۳ اَور ۲ کِتنے ہوتے ہَیں ؟
۱۵ اَور ۲ کِتنے ہوتے ہَیں ؟
۱۷ اَور ۲ کِتنے ہوتے ہَیں ؟

---

۲ اَور ۲ کِتنے ہُوئے ؟
۴ اَور ۲ کِتنے ہُوئے ؟
۶ اَور ۲ کِتنے ہُوئے ؟
۸ اَور ۲ کِتنے ہُوئے ؟
اِسی طرح ۲۰ تک گِنو +
نوٹ۔ ۲ و ۴ و ۶ و ۸ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۴ وغیرہ کو ۲ کا سِلسِلہ کہتے ہیں +

۱ ۲ کا سِلسِلہ ۲۰ تک سُناؤ +
۲ ۲۰ سے شرُوع کرکے ۲ تک سِلسِلہ سُناؤ - اس طرح :-

۲۰ و ۱۸ و ۱۶ و ۱۴ وغیرہ +

اِسی طرح تین تین کرکے گِن سکتے ہیں +
۳ اگر تمُھیں دو پیسے روز مِلیں - تو دس دِن میں کِتنے مِلینگے ؟

---

## ۴ تین سے گِننا - زبانی مشق

۱ اَور ۳ کِتنے ہُوئے ؟
۴ اَور ۳ کِتنے ہُوئے ؟
۷ اَور ۳ کِتنے ہُوئے ؟
۱۰ اَور ۳ کِتنے ہُوئے ؟
۱۳ اَور ۳ کِتنے ہُوئے ؟

۱۶ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

---

۲ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۵ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۸ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۱۱ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۱۴ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۱۷ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

---

۳ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۶ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۹ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۱۲ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۱ اگر تمہیں ۳ پیسے روز ملیں۔ تو پانچ دِن میں کتنے ملینگے ؟

نوٹ۔ ۳ و ۶ و ۹ و ۱۲ و ۱۵ و ۱۸ وغیرہ
کو ۳ کا سِلسِلہ کہتے ہیں +

۲ اِسی طرح ۱۸ سے شُروع کرکے پیچھے کی طرف
اِس طرح ۱۸ و ۱۵ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وغیرہ
۳ تک سُناؤ +

---

## ۵ چار سے گِننا۔ زبانی مشق

ایک اَور چار کِتنے ہُوئے ؟
۵ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟
۹ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟
۱۳ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟
۲ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟
۶ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟
۱۰ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۱۴ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۳ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۷ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۱۱ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۱۵ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

---

۴ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۸ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۱۲ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

۱۶ اَور ۴ کِتنے ہُوئے ؟

ایک آنے میں ۴ پَیسے ہوتے ہَیں۔
تو ۴ آنے میں کِتنے پَیسے ہُوئے ؟

۴ کا سِلسِلہ ۲۰ تک زبانی سُناؤ +

۲۰ سے شُروع کرکے پیچھے کی طرف سُناؤ

اِس طرح ۲۰ و ۱۶ و ۱۲ وغیرہ +

# تیسرا باب

## بیس سے سو تک اعداد

### ۶ بیس سے تیس تک لکھنا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | اَور | ۱ | اِکّیس | ( ۲۱ ) |
| ۲۰ | اَور | ۲ | بائیس | ( ۲۲ ) |
| ۲۰ | اَور | ۳ | تیئیس | ( ۲۳ ) |
| ۲۰ | اَور | ۴ | چَوبیس | ( ۲۴ ) |
| ۲۰ | اَور | ۵ | پچّیس | ( ۲۵ ) |
| ۲۰ | اَور | ۶ | چھبّیس | ( ۲۶ ) |
| ۲۰ | اَور | ۷ | ستّائیس | ( ۲۷ ) |
| ۲۰ | اَور | ۸ | اٹّھائیس | ( ۲۸ ) |

۲۰ اَور ۹ اُنتیس (۲۹)

۲۰ اَور ۱۰ تیس (۳۰)

## زبانی مشق

۱ ۵ کا سِلسِلہ سُناؤ ۵ و ۱۰ و ۱۵ وغیرہ تیس تک +

۲ ۶ کا سِلسِلہ سُناؤ ۶ و ۱۲ و ۱۸ وغیرہ تیس تک +

۳ اگر ایک مکان میں ۶ کمرے ہوں - اَور ہر ایک کمرے میں ۳ دروازے ہوں - تو کُل دروازے کِتنے ہونگے ؟

# ۷ دس کا سِلسِلہ

| | | |
|---|---|---|
| دس ۱۰ | بیس ۲۰ | تیس ۳۰ |
| چالیس ۴۰ | پچاس ۵۰ | ساٹھ ۶۰ |
| ستّر ۷۰ | اسّی ۸۰ | نوّے ۹۰ |
| سَو ۱۰۰ | | |

## زبانی مشق

۱ اِسی سِلسِلے کو ۱۰۰ سے شرُوع کر کے
پیچھے کی طرف گِنو ۔
۲ اگر دس گولیوں کی دو قطاریں بنائیں۔
تو کِتنی گولیاں ہونگی ؟
۳ اگر دس گولیوں کی ۳ قطاریں بنائیں۔
تو کِتنی گولیاں ہونگی ؟
۴ ان دونو کی مل کر کِتنی قطاریں بنیں ؟

۵ ۱۰ گولیوں کی ۵ قطاروں میں کتنی گولیاں ہیں ؟

۶ ۲۰ اور ۳۰ کو مِلا کر گِننے سے کتنی گولیاں ہوئیں ؟

۷ ۱۰ گولیوں کی چار قطاریں بناؤ - یہ مِل کر کتنی ہوئیں ؟

۸ یہ تاش کے چار پتّے ہیں - ہر ایک پر دس دس نشان ہیں - سارے مِل کر کتنے نشان ہوئے؟

۹ اگر اِن پتّوں کو آگے پیچھے کر کے گنیں - تو کتنے نشان ہونگے ؟

۱۰ اگر ۴ لڑکوں کے پاس دس دس پیسے ہوں - تو سب کے پاس مِل کر کتنے ہونگے ؟

۱۱ ۵۰ پیسوں میں ۱۰ پیسے مِلا کر کتنے

پیسے بن جائینگے ؟

۱۲ دس گولیوں کی کتنی قطاروں سے ۶۰ گولیاں بنینگی ؟

۱۳ تیس اور تیس گولیاں مل کر کتنی ہونگی ؟

---

# ۸ تیس سے سو تک لکھنا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳۰ | اور | ۱ | اکتّیس | (۳۱) |
| ۳۰ | اور | ۲ | بتّیس | (۳۲) |
| ۳۰ | اور | ۳ | تینتیس | (۳۳) |
| ۳۰ | اور | ۴ | چونتیس | (۳۴) |
| ۳۰ | اور | ۵ | پینتیس | (۳۵) |
| ۳۰ | اور | ۶ | چھتّیس | (۳۶) |
| ۳۰ | اور | ۷ | سینتیس | (۳۷) |
| ۳۰ | اور | ۸ | اڑتیس | (۳۸) |
| ۳۰ | اور | ۹ | اُنتالیس | (۳۹) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳۰ | اَور | ۱۰ | چالیس | (۴۰) |
| ۴۰ | اَور | ۱ | اِکتالیس | (۴۱) |
| ۴۰ | اَور | ۲ | بیالیس | (۴۲) |
| ۴۰ | اَور | ۳ | تینتالیس | (۴۳) |
| ۴۰ | اَور | ۴ | چوالیس | (۴۴) |
| ۴۰ | اَور | ۵ | پینتالیس | (۴۵) |
| ۴۰ | اَور | ۶ | چھیالیس | (۴۶) |
| ۴۰ | اَور | ۷ | سینتالیس | (۴۷) |
| ۴۰ | اَور | ۸ | اڑتالیس | (۴۸) |
| ۴۰ | اَور | ۹ | اُنچاس | (۴۹) |
| ۴۰ | اَور | ۱۰ | پچاس | (۵۰) |
| ۵۰ | اَور | ۱ | اِکیاون | (۵۱) |
| ۵۰ | اَور | ۲ | باون | (۵۲) |
| ۵۰ | اَور | ۳ | ترپن | (۵۳) |
| ۵۰ | اَور | ۴ | چوّن | (۵۴) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | اَور | ۵ | پچپن | (۵۵) |
| ۵۰ | اَور | ۶ | چھپّن | (۵۶) |
| ۵۰ | اَور | ۷ | ستّاون | (۵۷) |
| ۵۰ | اَور | ۸ | اٹھّاون | (۵۸) |
| ۵۰ | اَور | ۹ | اُنسٹھ | (۵۹) |
| ۵۰ | اَور | ۱۰ | ساٹھ | (۶۰) |
| ۶۰ | اَور | ۱ | اِکسٹھ | (۶۱) |
| ۶۰ | اَور | ۲ | باسٹھ | (۶۲) |
| ۶۰ | اَور | ۳ | تریسٹھ | (۶۳) |
| ۶۰ | اَور | ۴ | چَونسٹھ | (۶۴) |
| ۶۰ | اَور | ۵ | پَینسٹھ | (۶۵) |
| ۶۰ | اَور | ۶ | چھیاسٹھ | (۶۶) |
| ۶۰ | اَور | ۷ | سڑسٹھ | (۶۷) |
| ۶۰ | اَور | ۸ | اَڑسٹھ | (۶۸) |
| ۶۰ | اَور | ۹ | اُنہتّر | (۶۹) |
| ۶۰ | اَور | ۱۰ | ستّر | (۷۰) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۷۰ | اور | ۱ | اِکہتّر | (۷۱) |
| ۷۰ | اور | ۲ | بہتّر | (۷۲) |
| ۷۰ | اور | ۳ | تِہتّر | (۷۳) |
| ۷۰ | اور | ۴ | چوہتّر | (۷۴) |
| ۷۰ | اور | ۵ | پِچھتّر | (۷۵) |
| ۷۰ | اور | ۶ | چِھہتّر | (۷۶) |
| ۷۰ | اور | ۷ | ستتّر | (۷۷) |
| ۷۰ | اور | ۸ | اٹھتّر | (۷۸) |
| ۷۰ | اور | ۹ | اُناسی | (۷۹) |
| ۷۰ | اور | ۱۰ | اسّی | (۸۰) |
| ۸۰ | اور | ۱ | اِکیاسی | (۸۱) |
| ۸۰ | اور | ۲ | بیاسی | (۸۲) |
| ۸۰ | اور | ۳ | تِراسی | (۸۳) |
| ۸۰ | اور | ۴ | چوراسی | (۸۴) |
| ۸۰ | اور | ۵ | پِچّاسی | (۸۵) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۸۰ | اور | ۶ | چھیاسی | (۸۶) |
| ۸۰ | اور | ۷ | ستاسی | (۸۷) |
| ۸۰ | اور | ۸ | اٹھاسی | (۸۸) |
| ۸۰ | اور | ۹ | نواسی | (۸۹) |
| ۸۰ | اور | ۱۰ | نوے | (۹۰) |
| ۹۰ | اور | ۱ | اکیانوے | (۹۱) |
| ۹۰ | اور | ۲ | بانوے | (۹۲) |
| ۹۰ | اور | ۳ | ترانوے | (۹۳) |
| ۹۰ | اور | ۴ | چورانوے | (۹۴) |
| ۹۰ | اور | ۵ | پچانوے | (۹۵) |
| ۹۰ | اور | ۶ | چھیانوے | (۹۶) |
| ۹۰ | اور | ۷ | ستانوے | (۹۷) |
| ۹۰ | اور | ۸ | اٹھانوے | (۹۸) |
| ۹۰ | اور | ۹ | ننانوے | (۹۹) |
| ۹۰ | اور | ۱۰ | سو | (۱۰۰) |

# متفرق سوال

۱ تمہارے نام میں کتنے حروف ہیں؟


۲ اس جماعت میں کتنے لڑکے موجود ہیں؟

۳ اس کمرے میں کتنے دروازے ہیں؟


۴ ۲۵ اور ۵۲ میں دونو ہندسے وہی ہیں - پھر قیمت میں کیوں فرق ہے؟

۵ ایک لڑکے نے دس کو اس طرح ۰۱ لکھا - بتاؤ اس نے کیا غلطی کی ہے؟


۶ اس شکل میں کتنے خانے ہیں؟



۷ اِس شکل
میں کتنے
خانے ہیں؟



۸ اِس زینے میں کتنی
سیڑھیاں ہیں؟



۹ اِس زینے پر اُوپر
نیچے چڑھنے میں کتنے
قدم اُٹھانے پڑینگے؟

۱۰ اِسی زینے پر ۳ دفعہ
اُوپر نیچے چڑھنے میں کتنے قدم
اُٹھانے پڑینگے؟

| نمبر شمار | قاعدے | مثالیں |
| --- | --- | --- |
| ۷ | حرفِ مکسور کے نیچے دو جگہ کے سوا سب جگہ زیر لکھا گیا - اوّل یائے مجہول کے ماقبل - دُوسرے یائے معرُوف کے ماقبل جو لفظ کے آخر ہے + | دیر - دے - دی + |
| ۸ | حرفِ مضمُوم کے بعد اگر واوِ مجہُول نہیں ہے - تو اُس پر پیش لکھا گیا + | شُکر |
| ۹ | واوِ معرُوف کے ماقبل پیش لکھا گیا + | دُور |
| ۱۰ | واوِ مجہُول کے ماقبل پیش نہیں لکھا گیا + | زور |
| ۱۱ | الف - واؤ اور یے کے سوا لفظ کے درمیان جو حرف ساکن ہے - اُس پر جزم لکھا گیا + | صبْر |
| ۱ | اِستفہام کی علامت | ؟ |
| ۲ | ندا - تعجب - حسرت - دُعا - قسم - خُوشی کی علامت | ! |
| ۳ | تھوڑے وقفے کی علامت | - |
| ۴ | پُورے وقفے کی علامت | + |

ہدایت - جہاں پُورا وقفہ ہے - وہاں پڑھنے میں زیادہ ٹھیرنا چاہیئے - باقی جگہ کم +

# PRACTICAL ARITHMETIC

*(Illustrated)*

## PART I.

BY

G. S. CHOWLA, M. A., B. A. (CANTAB)

PROFESSOR OF MATHEMATICS,

GOVERNMENT COLLEGE, LAHORE.

(FOR FIRST LOWER PRIMARY).

***Approved by the Punjab Text-Book Committee.***

PRINTED AND PUBLISHED FOR

RAI SAHIB M. GULAB SINGH & SONS,

AT THE MUFID-I-'AM PRESS, LAHORE,

BY R. B. L. MOHAN LAL.

1912.

[*All rights reserved.*]

*1st Edition,* 10,000 *Copies.* *Price* 0-1-3.